رول نمبر:__________

جماعت نہم

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم) (i) سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں　ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(ii) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا　بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(iii) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور　رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

(iv) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں　گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(حصہ غزل) (v) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار　قلم اپنا موتی پرویا کیا

(vi) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا　اور درویش کی صدا کیا ہے

(vii) بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ　قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

## ( حصہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10

(الف) ایک مشاعرے میں شیخ امام بخش ناسخ ایسے وقت پہنچے کہ جلسہ ختم ہو چکا تھا، مگر خواجہ حیدر علی آتش وغیرہ چند شعرا ابھی موجود تھے، یہ جا کر بیٹھے۔ تعظیم رسمی اور مزاج پُرسی کے بعد کہا کہ جناب خواجہ صاحب مشاعرہ ہو چکا؟ اُنھوں نے کہا کہ سب کو آپ کا اشتیاق رہا۔ شیخ صاحب نے یہ مطلع پڑھا:

(ب) توبہ آپ تو بوکھلا دیتے ہیں۔ دیکھ رہے ہیں، خط لکھ رہی ہوں۔ بچے کو چُپ کیوں کر کرا سکتی ہوں؟ نامراد چُپ ہو جا۔ خون نکل آیا تو کیا قیامت آ گئی؟ ابھی آ رہی ہوں دو سطریں لکھ لوں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟

(ii) رسمی اور غیر رسمی خطوط میں کیا فرق ہے؟

(iii) مولانا شبلی نعمانی کے اسلوب کی دو خوبیاں لکھیے۔

(iv) بلی اور کتے کی رقابت کیوں مشہور ہے؟

(v) کارن فلیک اور دال دلیا میں کیا فرق ہے؟

(vi) بہادر شاہ ظفر کو رنگون میں کیوں جلاوطن کیا گیا؟

(vii) اصطلاح میں مطلع غزل کے کس شعر کو کہتے ہیں؟

(viii) کنایہ سے کیا مراد ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلایئے۔ -- یا -- 10

ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

8۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- ڈاکٹر اور مریض کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) حسنین کو کتاب پڑھی۔ (ii) میں نے دوڑا لیکن چور بھاگ گیا۔ (iii) عثمان نے شاگرد پڑھایا۔

(iv) حسیب، منیب اور مجیب آیا۔ (v) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔

-- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) بلی کے بھاگوں ____ (ii) جس کی لاٹھی ____ (iii) غریب کی جورو ____ (iv) لادے لدادے ____ (v) خدمت سے ____

902-IX124-110000